سوال

(303) متعہ کی حرمت کس طرح ہوئی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

متعہ کی حرمت کس طرح ہوئی آیا ترمذی کی احادیث براہ راست پیغمبر ﷺ تک پہنچتی ہیں۔ کہ انہوں نے ممانعت کا حکم دیا تھا۔ کیا خلیفہ اول کے وقت میں ان کی اجازت سے متعہ رائج رہا۔؟ جو کہا جاتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے متعہ بند کیا ہے یہ کیا بات ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیعہ سنی متفق علیہ حدیث (عن علی) سے متعہ منسوخ ہے ملاحظہ ہو ترمذی سنیہ اور تہذیب شیعہ خلیفہ اول کے وقت جاری نہیں ہوا۔ خلیفہ ثانی نے حرام نہیں کیا تھا۔ بلکہ اظہار حرمت فرمایا تھا۔ حرمت اور اظہار حرمت میں فرق ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص310

محدث فتویٰ